**19.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. اسلم بیگ

**Music**

---

1 پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی رائے زنی پر ہنگامے کے سبب معطل کردی گئی۔

☆ حکومت 'ایک ملک-ایک انتخاب' سے متعلق بلوں کو 31 ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کرے گی۔

☆ جموں وکشمیر کے کُلگام ضلع میں حفاظتی دستوں کے ساتھ جھڑپ میں پانچ دہشت گرد مارے گئے۔ آمنے سامنے کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔

☆ مرکز نے، اروناچل پردیش میں سڑکوں کی تعمیر کے پروجیکٹ کیلئے تقریباً 400 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

☆ امریکی فیڈرل ریزرو نے، سود کی شرح میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کی ہے، جس کے بعد اہم شیئرز کی فروخت میں تیزی آ گئی ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں: سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی-ٹوینٹی میچ، بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان آج شام ممبئی میں کھیلا جائے گا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PARL-ADJOURN**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی ڈاکٹر بی آر امبیڈکر پر رائے زنی پر اپوزیشن پارٹیوں کے شور وغل کے پیش نظر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ لوک سبھا میں ، جب آج صبح ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو کانگریس ، DMK ، سماج وادی پارٹی اور دیگر نے وزیر داخلہ کی رائے زنی کے خلاف نعرے بازی شروع کردی۔ کچھ ممبران ایوان کے وسط میں آگئے۔ شور وغل کے سبب اسپیکر اوم برلا نے ایوان کی کارروائی دوپہر دو بجے تک

کیلئے ملتوی کردی۔ راجیہ سبھا میں بھی اِسی طرح کی صورتحال رہی۔ آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو صدر نشین جگدیپ دھنکھڑ نے جناب شاہ کی رائے زنی اور دیگر معاملات پر اپوزیشن ارکانِ پارلیمنٹ کی جانب سے پیش کئے گئے التواء کے نوٹس نامنظور کردیئے۔

کانگریس ، DMK ، عام آدمی پارٹی ، سماج وادی پارٹی، RJD ، بائیں بازو اور دیگر نے وزیر داخلہ کی رائے زنی کے خلاف نعرے بازی کی ۔ چیئرمین نے ایوان میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کی اپیل کی لیکن اِس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ بعد میں ایوان کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ x

## PARL-PROTEST

BJP کے اَرکان پارلیمنٹ نے، کانگریس پر، ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی توہین کا الزام لگاتے ہوئے، پارلیمنٹ کے باہر مظاہرہ کیا۔ پارٹی ارکان اس معاملے پر تختیاں ہاتھ میں لئے ہوئے تھے اور انہوں نے اپوزیشن کے خلاف نعرے لگائے۔ سابق مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے الزام لگایا کہ نہرو گاندھی کنبے نے، ڈاکٹر امبیڈکر کی ہمیشہ توہین کی ہے۔ جناب ٹھاکر نے کہا کہ کانگریس کی تین نسلوں نے، بابا صاحب کو بھارت رتن نہیں دیا اور انہوں نے پارلیمنٹ عمارت کے مرکزی ہال میں اُن کی تصویر بھی نصب نہیں ہونے دی۔

اسی دوران اپوزیشن پارٹیوں نے بھی، ڈاکٹر امبیڈکر کے بارے میں، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے بیان پر پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں اپنا احتجاج جاری رکھا۔ کانگریس، DMK، سماج وادی پارٹی، RJD، بائیں بازو سے وابستہ اور دیگر ارکان نے، جناب شاہ پر ڈاکٹر امبیڈ کی توہین کا الزام لگاتے ہوئے احتجاج میں حصہ لیا۔ انہوں نے جناب شاہ سے معذرت کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے پارلیمنٹ ہاؤس میں مارچ بھی کیا۔ سینئر کانگریس رہنما کے- سی- وینوگوپال نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے الزام لگایا کہ BJP ارکان پارلیمنٹ، اپنے دفاع میں احتجاج کررہے ہیں۔

## PARL-SARANGI INJURED

BJP ممبر پارلیمنٹ پرتاپ سارنگی آج پارلیمنٹ ہاؤس میں، برسرِاقتدار BJP اور اپوزیشن کی طرف سے احتجاج اور جوابی احتجاج کے دوران زخمی ہوگئے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی نے ایک ممبر پارلیمنٹ کو دھکا دیا، جو اُن پر گر پڑے، جس کی وجہ سے وہ زخمی ہوگئے۔

اسی دوران جناب گاندھی نے کہا کہ جب وہ پارلیمنٹ میں داخل ہونے کی کوشش کررہے تھے، تو بی جے پی ارکانِ پارلیمنٹ نے انہیں روکنے کی کوشش کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ انہیں دھکا دیا گیا اور دھمکی دی گئی۔x

**JPC-ONOE**

حکومت ''ایک ملک ایک چناؤ'' سے متعلق بلوں کو 31 اراکانِ پارلیمنٹ پر مشتمل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجے گی۔ مجوزہ JPC لوک سبھا کے 21 اور راجیہ سبھا کے 10 ارکان پر مشتمل ہے۔ اِن ارکانِ پارلیمنٹ میں دیگر کے علاوہ BJP رہنما PP چودھری ، انوراگ سنگھ ٹھاکر ، پرشوتم بھائی رُوپالا ، کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی اور منیش تیواری ، TMC کے کلیان بنرجی ، NCP شرد پوار کی سُپریا سولے شامل ہیں۔ اِن بلوں کو باضابطہ طور پر 129 ویں ترمیمی آئینی بل 2024 کا نام دیا گیا ہے۔ x

**AMIT SHAH-J&K MEETING**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج شام سلامتی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے، جس میں جموں و کشمیر کی صورتحال پر خاص طور سے غور و خوض کیا جائے گا۔ نئی دلّی میں ہونے والی اِس میٹنگ میں جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر بھی شرکت کریں گے۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن ، IB کے ڈائریکٹر Tapan Deka ، فوج کے سینئر عہدیداران، جموں و کشمیر DGP اور دیگر سینئر افسران کے اِس میٹنگ میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔ x

**RAJNATH-SELF RELIANCE**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جدید جنگی ہتھیاروں کے بدلتے ہوئے منظرنامے کے تحت جدید ترین ٹیکنالوجیوں کو اپنائے جانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک تیزرفتار سے دفاعی شعبے میں خودکفالت کی جانب بڑھ رہا ہے۔ وزیر موصوف آج نئی دلّی میں ایک تقریب کے دوران خطاب کررہے تھے۔

جناب سنگھ نے کہا کہ ملک آج اُن ہتھیاروں کو برآمد کررہا ہے، جنہیں پہلے درآمد کیا جاتا تھا۔ انہوں نے اِس حصولیابی کیلئے سرکاری اور نجی شعبے اور اختراع کاروں کی مشترکہ کوششوں کی ستائش کی۔ x

**DAY J&K ENCOUNTER**

جموں و کشمیر کے کلگام ضلعے میں جاری دہشت گردوں کے خلاف ایک کارروائی میں آج صبح سکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک تصادم میں پانچ دہشت گرد ہلاک ہوگئے ہیں۔ فوج کے ایک ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ تصادم کے دوران دو فوجی اہلکار زخمی ہوئے ہیں اور انہیں علاج معالجے کیلئے لے جایا گیا ہے۔ اِس سے پہلے دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں مخصوص اطلاع کی بنیاد پر کل رات علاقے میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی گئی تھی۔

سکیورٹی دستوں نے کہا کہ جب مشترکہ فوجی دستے مشتبہ مقام Kader گاؤں پہنچے تو وہاں چھپے ہوئے دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ کارروائی جاری ہے اور ہلاک ہوئے دہشت گردوں کی شناخت کی جارہی ہے۔ x

**GOVT-ARUNACHAL ROAD**

مرکز نے اروناچل پردیش میں سڑکوں کی تعمیر سے متعلق پروجیکٹوں کی خاطر 398 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں سڑک ، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا کہ 2024-25 کے دوران سڑک اور بنیادی ڈھانچے کے مرکزی فنڈ کے تحت سڑکوں کی تعمیر سے متعلق 19 ریاستی پروجیکٹوں کیلئے یہ فنڈ مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِن اقدامات سے سرحدی خطوں میں دور دور تک کنکٹی ویٹی کو بڑھانے ، ریاست میں آمد و رفت میں سہولت پیدا کرنے اور ریاست میں سماجی و اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس سرمایہ کاری سے دور دراز کے علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے، علاقائی ترقی اور شمال مشرقی خطے میں گزر بسر کو بہتر بنانے کے حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

**ANUPRIYA-MEDICAL DEVICE**

صحت کے محکمے کی وزیر مملکت Anupriya پٹیل نے کہا ہے کہ ملک میں صحت کی دیکھ بھال کی بڑھتی ضرورتوں اور بازار کے نئے امکانات کے سبب بھارت میں طبی ساز و سامان کا شعبہ بے شمار امکانات کے طور پر تسلیم کیا جارہا ہے۔ نئی دلّی میں صحت سے متعلق سالانہ Summit سے خطاب کرتے ہوئے، محترمہ پٹیل نے کہا کہ طبی ساز و سامان سے متعلق بھارتی شعبہ تقریباً 14 ارب ڈالر کا ہے اور 2030 تک اِس کے 30 ارب ڈالر تک فروغ پانے کا امکان ہے۔x

**GOVT-HEALTH**

صحت کی مرکزی سکریٹری پونیہ سلیلہ سریواستو نے کہا ہے کہ حفظان صحت اور کوالٹی سے معمور تعلیم کے بڑے نظام میں سرمایہ کاری لازمی ہے، تاکہ ملک کی آبادی کے تناسب کا فائدہ اٹھایا جائے، اختراع کو آگے بڑھایا جائے اور لگاتار ترقی کو یقینی بنایا جائے۔

نئی دلّی میں صحت سے متعلق سالانہ سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سریواستو نے کہا کہ بھارت کے حفظان صحت کے ایجنڈے میں، ہر شہری کیلئے اِسے کم خرچ، قابل رسائی اور سب کی شمولیت والا بنانے پر توجہ دی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی زور دے کر کہا کہ حفظان صحت کا شعبہ، بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے ویژن کا ایک اہم حصہ

ہے۔ انہوں نے صنعتکاروں سے کہا کہ وہ بھارت کو ٹی بی کی بیماری سے پاک کرنے کے حکومت کے مقصد میں تعاون دیں۔

**PUNJAB-FARISHTEY SCHEME**

پنجاب میں فرشتے اسکیم سڑک حادثات کے دوران بیش قیمت زندگیوں کو بچانے میں سودمند ثابت ہورہی ہے۔ پنجاب کی صحت سے متعلق ریاستی ایجنسی کی چیف ایگزیکیٹو افسر محترمہ Babita نے کہا کہ 66 لوگوں نے اس اسکیم کے تحت فرشتے کی حیثیت سے رضاکارانہ طور پر ایس ایچ اے میں اندراج کرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثات کے بعد اہمیت کے حامل ایک گھنٹے کے دوران علاج کو یقینی بنانے کیلئے اچھی تعداد میں اسپتال ، اِس اسکیم سے مربوط ہیں۔ x

**SEBI-AGRICULTURAL**

مارکیٹ ضابطہ کار SEBI نے 7 زرعی اشیاء سے بننے والی مصنوعات کے کاروبار کی معطّلی کی مدت میں، اگلے مہینے تک کی توسیع کی ہے۔ اِن اشیاء میں گیہوں اور مونگ بھی شامل ہے۔ اس کا مقصد اِن اشیاء کی قیمتوں پر قابو پانا ہے۔

دیگر زرعی اشیاء کی مصنوعات، جن کے کاروبار کو SEBI نے معطل کیا ہے، وہ ہیں غیر باسمتی دھان، چنا، خام پام تیل، سرسوں کے بیج اور ان سے بننے والی اشیاء نیز سویا بین اور اس سے بننے والی اشیاء۔ اِس قدم کا مقصد، خاص طور پر اِن لازمی زرعی مصنوعات کی مارکیٹ میں، سٹے بازی اور قیمتوں کے اُتار چڑھاؤ پر قابو پانا ہے۔×

**FED RAT CUT**

امریکہ کی فیڈرل ریزرو نے کل رات سود کی شرحوں میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کا اعلان کیا ہے۔ امریکہ کے سینٹرل بینک نے اشارہ دیا ہے کہ سود کی شرحوں میں آئندہ بھی ہلکی رفتار سے کمی کی جاتی رہے گی، جس کی وجہ سے بنیادی سطح کے شیئرز تیزی سے فروخت ہونے لگی ہے۔ وفاقی ریزرو نے ایک بیان میں اعلان کیا ہے کہ پالیسی سازوں نے ایک کے مقابلے 11 اَرکان نے سینٹرل بینک کے، قرضے دیئے جانے کی شرح کو کم کر کے چار اعشاریہ دو پانچ فیصد اور چار اعشاریہ پانچ صفر فیصد کے درمیان رکھنے کیلئے ووٹ دیا ہے۔ اس دوران امریکہ کی اسٹاک مارکیٹ کے سبھی تینوں بڑے انڈیکس میں کمی کا رجحان دیکھا گیا۔×

**WOMEN CRICKET**

خواتین کرکٹ میں، آج شام نوی ممبئی کے ڈی۔وائی۔پاٹل اسپورٹس اکیڈمی میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان T20 بین الاقوامی سیریز کا تیسرا اور آخری میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ یہ سیریز فی الحال ایک-ایک سے

برابر ہے، کیونکہ ہرمن پریت کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے پہلا میچ 49 رن سے جیتا تھا، جبکہ ویسٹ انڈیز نے دوسرے میچ میں 9 وکٹ سے کامیابی حاصل کی تھی۔ اب بھارتی ٹیم سیریز کے فیصلہ کن میچ میں جیت حاصل کرنا چاہے گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆